NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: این ٹی یو میں ڈائس ٹیکسٹائل انوویشن نمائش کا افتتاح

ذریعہ: روزنامہ ایکسپریس، صفحہ-9

تاریخ: مارچ29، 2017

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں دوروزہ ڈائس ٹیکسٹائل انوویشن نمائش کے پہلے روز کے اختتام پر شرکاء سٹاف اور سٹوڈنٹس کا ریکٹر پروفیسر تنویر حسین کے ساتھ گروپ فوٹو

این ٹی یو میں ڈائس ٹیکسٹائل انوویشن نمائش کا افتتاح

ملک بھر کی جامعات وٹیکسٹائل انڈسٹری نے نئے رجحانات اور ٹیکنالوجی کو متعارف کرایا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد میں دوروزہ ڈائس ٹیکسٹائل انوویشن نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ملک بھر سے سرکاری وپرائیویٹ یونیورسٹیوں اور ملک کی نامور ٹیکسٹائل انڈسٹری نے کپڑا سازی کی صنعت سے وابستہ نئے رجحانات اور ٹیکنالوجی کو متعارف کروایا۔ نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد میں منعقدہ ڈائس انوویشن نمائش کا افتتاح فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ سعید نے کیا۔ اس موقع پر نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین، سینئر نائب صدر چیمبر آف کامرس راؤ سکندر اعظم نائب صدر انجینئر احمد حسن، شہزادے شیخ، ممبر بورڈ آف گورنرز، میاں لطیف احمد، ممبر بورڈ آف گورنرز، ڈاکٹر یاسر نواب، ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ اسٹڈیز، ڈاکٹر ظفر جاوید، رجسٹرار ذبیح اللہ خان، ڈائریکٹر ایگزامینیشن، وقار احمد، چیئرمین شعبہ کمپیوٹر سائنس، مشتاق احمد، سینئر لائبریرین، مزمل حسین، چیف آرگنائزر ڈائس ودیگر موجود تھے چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ سعید نے نمائش میں متعارف کرائے گئے نئے رجحانات کو پاکستان کی ٹیکسٹائل انڈسٹریز کے مسائل کے حل کیلئے ایک اچھی کاوش قرار دیا نمائش میں نیشنل ٹیکسٹائل ریسرچ سنٹر، پاکستان ہوزری مینوفیکچرز ایسوسی ایشن، ملک بھر سے یونیورسٹیوں کے طلباء وطالبات اور ٹیکسٹائل انڈسٹریز کے سٹالز لگائے گئے کسی نے ملبوسات میں اپنے کلچر کی عکاسی کی تو کسی نے نئے رجحانات متعارف کروائے۔ اس موقع پر پاک افواج، ریسکیو 1122 سمیت مختلف فورسز کے یونیفارمز سمیت میڈیکل کے شعبہ میں استعمال ہونے والے فائبرز، فیشن وٹیکسٹائل ڈیزائنز، پینٹنگ کو بھی نمائش میں رکھا گیا۔